http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ

گوادر بزنس

کوئٹہ

جلد 21 | منگل 30 جون 2026ء | 14 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 305

ن لیگ بلوچستان کے پارلیمانی گروپ کا اہم اجلاس، پارٹی کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کمیٹی قائم

اجلاس میں بلوچستان میں ن لیگ کے پارلیمانی اراکین، کارکنوں کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کمیٹی بلوچستان کے حوالے سے مسائل اور تجاویز کو مرتب کر کے پارٹی قیادت اور وزیراعلیٰ بلوچستان کو پیش کریگی جو مسائل کے حل کے لیے اقدامات اٹھائیں گے

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے پارلیمانی گروپ کا اسلام آباد میں اہم اجلاس، بلوچستان میں پارٹی کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کمیٹی قائم کردی گئی۔ پیر کو پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

اسرائیل کا معاہدہ طے ہونے کے بعد لبنان پر پھر حملہ

جنوبی لبنان کے ایک گاؤں میں حزب اللہ کا زیر زمین عسکری انفرااسٹرکچر تباہ کردیا

بیروت (این این آئی) لبنان اسرائیل فریم ورک معاہدہ طے ہونے کے بعد اسرائیل نے لبنان پر پھر حملہ کردیا۔ اسرائیلی وزیراعظم دفتر سے جاری بیان کے مطابق اسرائیلی فوج (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

قطر میں منجمد اثاثوں میں سے 6 ارب ڈالرز جاری کیے جائیں گے، ایرانی صدر

اب تک ایران کے کسی منجمد اثاثے کی حوالگی عمل میں نہیں آئی ہے، امریکی حکام کی تردید

مسقط میں ایرانی وعمانی مشترکہ کمیٹی کا اجلاس، آبنائے ہرمز کے مستقبل کے انتظام پر گفتگو

مسقط (این این آئی) عمان کے دارالحکومت مسقط میں آبنائے ہرمز کے مستقبل میں انتظامی امور سے متعلق ایران اور عمان کی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے دعوی کیا ہے کہ قطر میں منجمد ایرانی اثاثوں میں سے 6 ارب ڈالرز کے اثاثے جلد جاری کردیے جائیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

امریکا اور ایران نے ایک دوسرے پر حملے روکنے پر اتفاق کرلیا

ایران کی درخواست پر آج دوحہ میں مذاکرات ہونگے

ٹرمپ کا دعویٰ ایران کی تردید

امریکا اور ایران نے باہمی طور پر فوجی کارروائیاں روکنے کا فیصلہ کیا ہے (سینئر امریکی عہدیدار) دوحہ میں اہم مذاکرات، ٹرمپ امن عمل کو آگے بڑھانے کے خواہاں ہیں، وائٹ ہاؤس

ورکنگ گروپس کے تکنیکی مذاکرات کا پہلا دور تمام ضروری شرائط پوری ہونے، تاریخ اور مقام پر باہمی اتفاق کے بعد ہی منعقد ہوگا، ایران

ایران نے خلیجی ممالک کو نئے سیکیورٹی اتحاد کی پیشکش کردی، اشتعال دلایا تو پوری قوت کیساتھ حملہ کرینگے، ایران کا بحرین کو انتباہ، مذاکرات میں قطر اور پاکستان بھی شریک ہوسکتے ہیں، سابق امریکی سفیر

واشنگٹن/تہران (این این آئی) امریکا اور ایران ایک دوسرے پر حملے روکنے اور آبنائے ہرمز کے تنازع کو حل کرنے کے لیے منگل کو قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ملاقات کرنے پر راضی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس سے پہلے اعلیٰ ایرانی عہدیدار کا کہنا تھا کہ حالیہ امریکی حملوں اور مفاہمت کی یادداشت کی شرائط کی خلاف ورزی پر ایران نے اتوار کو ہونے والے تکنیکی مذاکرات میں حصہ نہیں لیا تھا۔ ایک سینئر امریکی عہدیدار نے بتایا کہ امریکا اور ایران نے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

مضبوط پارلیمان مستحکم اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے

میر سرفراز بگٹی

عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے پارلیمانی روایات، احتساب، شفافیت اور مشاورت کے اصولوں کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

جمہوری اداروں کا استحکام، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی ہی قومی یکجہتی، سیاسی استحکام اور پائیدار ترقی کی ضمانت ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن دنیا بھر میں جمہوری اقدار، پارلیمانی روایات، قانون کی حکمرانی اور عوامی نمائندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنے کا ایک مؤثر موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

سہیل آفریدی کو 9 جولائی تک گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو 9 جولائی تک گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے خلاف ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے کیس کی سماعت ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.48 ارب ڈالر کی

مجموعی مائع زرمبادلہ کے ذخائر 21 ارب 48 کروڑ 47 لاکھ امریکی ڈالر تک پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے مجموعی مائع زرمبادلہ کے ذخائر 19 جون 2026 تک 21 ارب 48 کروڑ 47 لاکھ امریکی ڈالر کی سطح پر ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

زرعی شعبہ ملک کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے

وزیر اعظم

وزیراعظم کی پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی زرعی پالیسی جلد مرتب کرنے کی ہدایت

مصنوعی ذہانت پر مبنی ایپ تیار کی جارہی ہے جو کسانوں کو کیڑوں اور فصلوں میں بیماریوں کے مؤثر تدارک میں مدد فراہم کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو صحیح معنوں میں زرعی تحقیق کا مرکز بنانے اور صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف قومی فوڈ پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

امریکہ کا مشرق وسطی میں فوجی اڈوں کی ازسرنو ترتیب، اسرائیل منتقلی پر غور

واشنگٹن (یو این اے) امریکی میڈیا اور تھنک ٹینکس کی رپورٹس کے مطابق ایران کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملوں کے بعد امریکہ مشرق وسطی میں اپنے فوجی اڈوں کے کچھ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد اسپکر قومی اسمبلی ایاز صادق، گورنر جعفر مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، وزراء اور ارکان کا گروپ

سیاست میں جبر اور تشدد کی نتائج اچھے نہیں ہوتے، پیپلز پارٹی

جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو جمہوری طریقہ اپناتے ہوئے انتخابات میں حصہ لینا چاہیے، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ سیاست میں جبر اور تشدد کی نتائج اچھے نہیں ہوتے، سیاست میں ہمیشہ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

غزہ؛ اسرائیلی فورسز کی فائرنگ سے شہید فلسطینیوں کی میتیں نماز جنازہ کیلئے لے جائی جارہی ہیں

پاک افغان سرحد پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 29 دہشتگرد مارے گئے

شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، حالیہ دہشتگرد حملوں کے بعد بڑی کارروائی کی، پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن اور استحکام کے قیام کے لئے کوششیں کی ہیں

دہشتگردی کیخلاف مہم پوری شدت سے جاری رہے گی، بیرونی سرپرستی میں ہونیوالی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا، وزیراطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیراطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے تاہم شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، دہشتگردی کیخلاف مہم پوری شدت سے جاری رہے گی، بیرونی سرپرستی میں ہونیوالی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے ایکس پر بیان میں واضح کیا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

کابل؛ پاک فوج کی افغان سرحد پر کارروائی میں تباہ ہونیوالا جماعت الحرار کا ٹھکانہ

کراچی حملہ، پاکستان نے افغان ناظم الامور کو طلب کرکے احتجاجی مراسلہ تھمادیا

کراچی حملے میں افغان شہری ملوث تھے، ایک حملہ آور کو گرفتار، افغان سرزمین اور افغان شہری پاکستان میں دہشت گرد حملوں کے لیے استعمال ہوتے رہے ہیں

افغان شہریوں کا کراچی دہشت گرد حملے میں ملوث ہونا ایک بار پھر پاکستان کے مؤقف کی تصدیق ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کراچی میں دہشت گردی میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے پر افغان ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کیا اور باضابطہ ڈیمارش جاری کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے کراچی دہشت گرد حملے پر افغان ناظم الامور کو سخت احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ترجمان کے مطابق کابل میں پاکستانی سفیر عبید الرحمان نظامانی نے بھی افغان وزارت خارجہ کو احتجاجی مراسلہ پہنچایا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پی آئی اے کی ملکیت باضابطہ منتقل، نئے مالکان نے چارج سنبھال لیا

قوم کا اعتماد محض دستاویزات کی منتقلی سے حاصل نہیں ہوگا، چیئرمین پی آئی اے ایکویٹی لمیٹڈ

یہ اعتماد ہر میل، ہر مسکراہٹ اور ہر سال کے ساتھ حاصل کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی نجکاری کا عمل کامیابی کیساتھ مکمل ہونے کے بعد ادارے کی ملکیت باضابطہ طور پر نئے مالکان کو منتقل کر دی گئی۔ عارف حبیب (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

ٹیکس چوری کی غلط معلومات، سینیٹ کمیٹی نے چیف آپریٹنز ایف بی آر کو اجلاس سے نکال دیا

جب ایف بی آر کو کمیٹی میں طلب کرتا ہوں اسی روز نوٹس بھیج دیا جاتا ہے، سینیٹر سیف اللہ ابڑو

وزارت اطلاعات سے تمباکو سے متعلق ٹی وی چینلز کو جاری کیے گئے اشتہارات کی تفصیلات بھی طلب

اسلام آباد (این این آئی) ٹیکس چوری کی غلط معلومات دینے پر سینیٹ کمیٹی نے چیف آپریٹنز ایف بی آر کو اجلاس سے باہر نکال دیا۔ پیر کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی داخلہ کی ذیلی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس کررہے ہیں

یورپ میں ریکارڈ توڑ گرمی کی لہر برقرار، اموات 1500 سے متجاوز

شدید گرمی کے باعث جنگلات میں آگ لگنے کے خدشات بھی بڑھ گئے

پیرس (این این آئی) یورپ میں ریکارڈ توڑ گرمی کی لہر برقرار ہے، جہاں 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے والے درجہ حرارت نے معمولات زندگی بری طرح متاثر کر دیئے ہیں۔ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد نے راولاکوٹ جانے سے روکنے پر دھرنا دیدیا

آزاد کشمیر میں دھرنے سے اظہار یکجہتی کے لیے جانے والے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد کو کہوٹہ کے مقام پر پولیس نے روک لیا، ترجمان

پاکستان کی مرکزی قیادت کو کشمیر جانے سے روکنے پر بھارت سب سے زیادہ خوش ہوگا، محمود خان اچکزئی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد نے راولاکوٹ جانے سے روکنے پر چکیاں کے مقام پر دھرنا دے دیا۔ ذرائع کے مطابق تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اعلیٰ سطحی وفد قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں راولاکوٹ کے لیے روانہ ہوا، جہاں وفد نے عوامی ایکشن کمیٹی کے جاری دھرنے میں شرکت اور اظہار یکجہتی کرنا تھا۔ وفد میں قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

شیخ حسینہ نے رواں سال اپنے وطن واپس آنے کا اعلان کردیا

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش کی معزول اور مفرور وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے رواں سال اپنے وطن واپس آنے کا اعلان کردیا۔ شیخ حسینہ جو اپنی حکومت کے خلاف طلبہ تحریک کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

غزہ پر اسرائیلی حملہ، 8 سالہ بچی سمیت 4 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) غزہ پر اسرائیلی حملے میں 8 سال کی بچی سمیت 4 فلسطینی شہید ہو گئے۔ اسرائیلی بمباری نے خان یونس کے خیمے میں بچی سمیت 4 فلسطینیوں (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

حیدرآباد؛ رینجرز آفس پر حملے میں جاں بحق اہلکار ذیشان یونس مسیح کو افسران اور جوان سلامی پیش کررہے ہیں

پاکستان اپنے آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، ڈاکٹر مصدق ملک

پاکستان کی معیشت، روزگار اور غذائی تحفظ کا بنیادی انحصار پانی اور زراعت پر ہے

گزشتہ ایک دو ماہ کے دوران سندھ طاس معاہدے کو بین الاقوامی سطح پر اٹھایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پاکستان اپنے آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اسد قیصر، جنیدا کبر، صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک شاہراہیں غیر محفوظ ہوچکی ہیں، اسد قیصر

عمران خان کو مزید سزائیں دلوانے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے، پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رکن قومی اسمبلی

بلوچستان میں ہمیشہ ایسی حکومتیں قائم کی گئیں جو عوامی نہیں تھیں، صوبے کو آئین اور قانون کے مطابق اس کا حق ملنا چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رکن قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ہمیشہ ایسی حکومتیں قائم کی گئیں جو عوامی نہیں تھیں، صوبے کو آئین اور قانون کے مطابق اس کا حق ملنا چاہیے، بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک اور شاہراہیں غیر محفوظ ہوچکی ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے یو این اے او ای کے نمائندے ملاقات کررہے ہیں

کابل زوردار دھماکوں سے گونج اٹھا، پورے شہر میں سیاہ بادل چھاگئے، ویڈیو وائرل

کابل (این این آئی) افغانستان کے دارالحکومت کابل میں زوردار دھماکے کے بعد خوفناک آگ بھڑک اٹھی جس سے شہر بھر (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

قطر نے تمام بحری سرگرمیاں عارضی طور پر معطل کردیں

دوحہ (این این آئی) قطر نے ملک میں بحری سفر اور تمام سمندری سرگرمیاں عارضی طور پر معطل کر دی ہیں۔ خبر ایجنسی کے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کا غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی گرفتاری کا فیصلہ

ویزا کے بغیر مقیم کسی بھی افغان شہری کو 10 جولائی سے گرفتار کیا جائے گا، افغان شہریوں بشمول ویزا، اوور اسٹیکیمز کی ڈی پورٹیشن میں تیزی لائی جائے

چاروں صوبائی چیف سیکریٹریز، چیف سیکریٹری گلگت بلتستان و چیف سیکریٹری آزاد کشمیر کو مراسلہ ارسال

پاکستان سے بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں، افغان سفیر

جو مسائل پیدا ہوئے ہیں وہ دونوں فریقوں کے لیے نقصان دہ ہیں، سردار احمد شکیب

کابل (این این آئی) پاکستان میں امارت اسلامیہ افغانستان کے سفیر سردار احمد شکیب نے کہا ہے کہ افغان حکومت پاکستان کے ساتھ بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنا چاہتی ہے۔ افغانستان کے سفیر سردار احمد شکیب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں شدید گرمی اور حبس برقرار، چند علاقوں میں بارش کی پیشگوئی

لاہور، اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کی پیشگوئی کی ہے جبکہ میدانی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا ہیلی کاپٹر حادثے میں 14 سعودی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہیلی کاپٹر حادثے میں 14 سعودی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

حیدرآباد؛ رینجرز ہیڈکوارٹر پر حملے میں جاں بحق سپاہی ذیشان یونس کے پسماندگان افسردہ ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران خان اور اہلیہ کی سزا معطلی کیلئے سپریم کورٹ رجوع

جیل حکام نے وکالت ناموں پر دستخط کرانے میں جان بوجھ کر تاخیر کی، جبکہ بانی پی ٹی آئی دائیں آنکھ کی 85 فیصد بینائی کھو چکے ہیں، اپیل

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سزا معطلی کی درخواستیں نیب کی جانب سے بار بار التوا کے باوجود مسترد کردیں

اسلام آباد (این این آئی) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے سزا معطلی کیلئے سپریم کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ چیلنج کردیا۔ سپریم کورٹ میں دائر اپیلوں میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سزا معطلی کی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

یوکرین کا روس پر بڑا وار، دو آئل ریفائنریاں تباہ، پیوٹن نے مشکل دور کا اعتراف کرلیا

مسلسل حملوں سے روس کے زیر قبضہ کریمیا میں ایندھن کی قلت، بجلی کی بندش، راشن بندی جیسی صورتحال پیدا ہونے لگی

کیف/ماسکو (این این آئی) یوکرین نے روس کی دو اہم آئل ریفائنریوں پر ڈرون حملے کرنے کا دعوی کیا ہے، جس کے بعد دونوں مقامات پر آگ بھڑک اٹھی جبکہ ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ یوکرینی صدر ولودی میر زیلنسکی کا کہنا تھا کہ ان حملوں کا مقصد روس کی جنگی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

گوادر پورٹ سے ایران کے لیے ٹرانزٹ تجارت کا نیا طریق کار جاری

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ اتھارٹی نے ایران کے ساتھ ٹرانزٹ تجارت کو مزید آسان اور منظم بنانے کے لیے سی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسرائیل کے غزہ پر حملے میں حماس کے کمانڈر اسماعیل مصری شہید

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج اور انٹیلی جنس ادارے شن بیٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ ہفتے غزہ میں کیے گئے ایک (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس خان و دیگر کے ہمراہ ایتھوپیا کی سیاحت کے فروغ کے تقریب کے دوران کیک کاٹ رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ آفس نمبر 3 دشت پلازہ نزد بے نظیر پل اسٹنی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ ایڈیٹر، ریاض احمد
فون نمبر 0302-3883702 اسلام آباد بیورو 0300-9731622

وفاقی بجٹ اور فنانس بل منظور!

قومی اسمبلی نے آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ کی منظوری دے دی۔ اسی طرح، قومی اسمبلی نے سینیٹ اور قومی اسمبلی کی مجالسِ قائمہ کی سفارشات کی روشنی میں فنانس بل کو بھی بعض ترامیم کے ساتھ منظور کر لیا جبکہ جزبِ اختلاف کی تمام تر ترامیم مسترد کر دی گئیں۔ فنانس بل صدر مملکت کے دستخط کے لیے ایوان صدر بھیج دیا گیا ہے جو منظوری کے بعد ایکٹ بن جائے گا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے منظور شدہ فنانس بل کی روشنی میں ضروری نوٹیفکیشن کے اجرا کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ منظور شدہ فنانس بل کے تحت سٹیشنری کی بعض آئٹمز پر رعایتی شرح سے جی ایس ٹی نافذ ہو گیا ہے۔ اسلام آباد میں ایک ہزار سی سی کی گاڑی پر ٹوکن ٹیکس 20 ہزار روپے کر دیا گیا جبکہ اسلام آباد میں باقی قسم کی گاڑیوں پر بھی ٹیکس 25 سے 35 فیصد تک ان کی انوائس کی بنیاد پر لاگو کیا گیا۔ یکم جولائی سے بینکنگ کمپنیوں اور فرٹیلائزر سیکٹر کی پندرہ کروڑ روپے سے زائد کی آمدن پر 10 فیصد کی شرح سے ٹیکس عائد ہوگا جبکہ دیگر تمام کارپوریٹ کمپنیوں کی 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن پر 8 فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا۔ قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کی سفارش پر پٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی سے متعلق شق 3 حذف کر دی گئی۔ اٹارنی ضبط کرنے سے پہلے متاثرہ فریق کو موقف پیش کرنے کا حق دینے کی تجویز بل میں شامل کر دی گئی۔ پی آئی اے کے ساتھ دیگر رجسٹرڈ ایئر لائنز کو بھی طیاروں اور پرزہ جات کی درآمد پر سیلز ٹیکس کی چھوٹ مل گئی۔ ان میں سے بہت سے نکات کا باریک بینی سے جائزہ لینے سے پتا چلتا ہے کہ عوام کو کیا ملے گا اور کیا نہیں۔ پی آئی اے کے نجکاری کے بعد جو سہولتیں دی جا رہی ہیں اگر اتنی سنجیدگی سے اس قومی ادارے کو بچانے کے لیے کوششیں کر لی جاتیں تو نجکاری کی نوبت ہی نہ آتی۔ اب پی آئی اے خریدنے والوں کے ساتھ دوسری ہوائی کمپنیوں کو بھی سیلز ٹیکس میں چھوٹ دے کر ایک ایسی سہولت دی جا رہی ہے جس کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ جس ملک میں غریب آدمی ماچس کی ڈبیا بھی ٹیکس دے رہا ہوں وہاں جہاز خریدنے پر ٹیکس چھوٹ دینا پرلے درجے کی ناانصافی نہیں تو اور کیا ہے؟ ایسے اقدامات کو دیکھ کر لگتا ہے کہ اس ملک میں ہر حکومت صرف اشرافیہ کے مفادات کے تحفظ کے لیے کام کرتی ہے اور اسے اس بات سے کوئی سروکار نہیں کہ عام آدمی مہنگائی کی چکی میں کس طرح پس رہا ہے۔ عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈال کر صورتحال اس حد تک بگاڑ دی گئی ہے کہ لوگ جمہوریت، جمہوری اداروں اور ریاست سے باقاعدہ بیزار دکھائی دیتے ہیں۔ اس بگاڑ کو سدھارنے کی ذمہ داری تو حکومت پر ہے لیکن ساتھ ہی حزبِ اختلاف کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی جماعت یا گروہ کے مفادات سے اوپر اٹھ کر ملک اور عوام کی بات کرے کیونکہ پارلیمان میں بیٹھے حزبِ اختلاف کے ارکان عوام کے ووٹوں سے وہاں تک پہنچے ہیں اور انھیں سرکاری خزانے سے جو تنخواہیں اور مراعات و سہولیات دی جا رہی ہیں وہ عوام کے مسائل پر بات کرنے اور حکومت کی پیدا کردہ خرابیوں کے خلاف آواز اٹھانے کے لیے دی جا رہی ہیں۔ حکومت کو اگر اس ملک اور عوام کا ذرا سا بھی احساس ہے تو اسے چاہیے کہ بجٹ اور فنانس بل جیسی دستاویزات میں اعداد و شمار کی جادوگری دکھانے کی بجائے ایسے ٹھوس اقدامات کرے جن سے عوام کو اپنی زندگی میں بہتری آتی ہوئی دکھائی دے ورنہ حالات کے مزید بگاڑ کی وجہ سے تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق عوام سڑکوں کا رخ بھی کر سکتے ہیں۔

صدر پزشکیان کا دورہ پاکستان: بعض اہم باتیں سامنے نہیں آئیں

تحریر۔ سید مجاہد علی

پاکستان کی کوششوں سے ممکن ہوئے۔ اس عمل میں پاکستان نے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے امن کے عمل میں کردار ادا کرنے پر قطر، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کی قیادت کا بھی شکریہ ادا کیا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ٹائلٹی کے عمل میں اہم کردار ادا کیا۔ جنگ کے آغاز سے لے کر مفاہمتی یادداشت تک ہر مرحلے پر پاکستان نے انتھک اور مخلصانہ کوششیں کیں، جسے وہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

یہ خیالات اس خاص ماحول میں بے حد اہمیت رکھتے ہیں جو عالمی منظر نامہ پر پاکستان کی بے لوث سفارتی کوششوں کو گہنانے کے لیے بے بنیاد اور جھوٹی خبریں وتبصرے عام کر کے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس میں شبہ نہیں ہے کہ پاکستان کی کوششوں سے ایران ایک مثبت اور اپنے مفادات کے قریب تر معاہدہ کرنے میں کامیاب ہوا۔ اب یہ ایرانی لیڈروں کی فہم و فراست پر مشتمل ہوگا کہ وہ اسرائیل جیسے گیم سپائیلر کو امن اور ایرانی عوام کی خوشحالی کا یہ راستہ کھوٹا کرنے کی اجازت دیتا ہے یا امن دشمن قوتوں کی کوششوں کو پاکستان جیسے دوست ممالک کے ساتھ مل کر ناکام بنانے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ آنے والے ہفتوں کے دوران ایران کی سفارت کاری کا امتحان ہوگا۔ تاہم اس کے ساتھ ہی یہ سوال کرنا بھی بے حد اہم ہے کہ کیا وجہ ہے کہ اس موقع پر پاکستان و ایران کے لیڈر دونوں ملکوں کے درمیان معاشی تعاون کے کسی منصوبے کے بارے میں ہلکا سا اشارہ دینے میں بھی ناکام رہے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان نہ صرف مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو چکے ہیں بلکہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے معاہدے کے تحت دونوں ملک اب آگے بڑھنے پر بھی آمادہ ہو چکے ہیں۔ ایران عالمی انسپکٹرز کو ایران کی جوہری تنصیبات کا معائنہ کرنے کے لیے واپس آنے کی اجازت دینے پر راضی ہو گیا ہے۔ یہ رابطہ گزشتہ سال کے وسط میں ایران پر اسرائیلی و امریکی حملے کے بعد معطل ہو گیا تھا۔ اب عالمی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے انسپکٹر ایک بار پھر ایران آ کر دنیا اور ایران کے درمیان اس معاملہ پر پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کو کم کر سکیں گے۔

اسی طرح امریکہ نے بھی ایران کو تیل برآمد کرنے کا عبوری لائسنس جاری کر دیا ہے جس کے تحت ایران آزادانہ طور سے تیل برآمد کر سکے گا۔ پاکستان درآمدی تیل پر انحصار کرنے والا ملک ہے اور وہ امریکی پابندیوں کی وجہ سے ایران سے تیل نہیں خرید سکتا تھا۔ بہتر ہوتا کہ ایران پر سے پابندیاں اٹھنے کے بعد پاکستانی حکومت ایران سے تیل کی خریداری کا اعلان کرتی تاکہ اس کی درآمدی قیمت کم ہو سکتی۔ اس کے علاوہ پاکستان نے ایران کے ساتھ مشترکہ گیس پائپ لائن کا ایک منصوبہ مکمل کرنے پر اتفاق کیا تھا۔ ایران نے اپنے علاقے میں پائپ لائن بچھا دی تھی لیکن امریکی پابندیوں کی وجہ سے پاکستان اپنے علاقے میں پائپ لائن پر کام شروع نہیں کر سکا تھا۔ حالانکہ یہ پائپ لائن تعمیر ہونے سے پاکستان کو سستی گیس آسانی سے فراہم ہو سکتی ہے۔ ایرانی صدر کے دورہ اسلام آباد کے موقع پر اس منصوبہ کے حوالے سے کوئی نہ کوئی وضاحت سامنے آنی چاہیے تھی۔ کیوں اس معاملہ پر ایران کے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کا تنازعہ بھی موجود ہے جس کے تحت پاکستان، ایران کو کئی ارب ڈالر ہرجانہ ادا کرنے کا پابند ہے۔

امریکہ کی طرف سے خیر سگالی کے اظہار اور پاکستانی لیڈروں کے لیے امریکی صدر کی نیک خواہشات اور پیغامات کے ہجوم میں پاکستانی عوام کو بھی بتانا ضروری ہے کہ اس اہم معاشی منصوبہ پر کیا پیش رفت ہو رہی ہے۔ ایران پر سے کچھ پابندیاں ہٹنے کا فائدہ پاکستان کو بھی ملنا چاہیے۔ اور اگر اس حوالے سے کوئی رکاوٹ موجود ہے تو اسے خاص طور سے واشنگٹن کے ساتھ مل کر طے کرانا چاہیے۔ پریس کانفرنس میں وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا کہ پاکستان خطے میں اس وقت تک اپنا ثالثی کردار جاری رکھنا چاہتا ہے جب تک دیرپا امن حاصل نہ ہو جائے۔ انہوں نے ایران کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ 'میری طرف سے رہبر اعلیٰ تک یہ پیغام پہنچائیں کہ ایران نے وقار کے ساتھ جنگ بندی اور امریکہ کے ساتھ مفاہمتی یادداشت حاصل کی ہے'۔ یہ سب باتیں اہم ہونے کے باوجود پاکستانی عوام کی بنیادی ضرورتوں اور مسائل کا احاطہ نہیں کرتیں جو مہنگے داموں توانائی خریدنے اور اس کی فراہمی کے معاملہ پر شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ یہ معاملہ ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ مکمل ہونے سے حل ہو سکتا ہے۔

ایران امریکہ کے ساتھ امن قائم کرنے میں یقیناً سرخرو ہوا ہے اور اس نے اپنی متعدد ریڈ لائنز کو تسلیم بھی کرایا ہے۔ تاہم اس کے ساتھ ہی علاقے میں دیرپا امن کے لیے صرف ایران کے مفادات ہی اہم نہیں ہیں بلکہ ایرانی لیڈروں کو ثابت کرنا پڑے گا کہ وہ اپنے ہمسایہ ملکوں کی خودمختاری اور مالی وسیاسی مفادات کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور علاقے میں ایک پرامن اور ذمہ دار ملک کے طور پر زندہ رہنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ ایرانی لیڈر اس حوالے سے اپنا واضح موقف بیان کرنے سے قاصر رہے ہیں۔ ایران کی زیادہ تر توجہ لبنان میں اسرائیلی جارحیت پر مرکوز رہی ہے لیکن ایران کے ساتھ معاملات صرف حزب اللہ کی حفاظت سے ہی مربوط نہیں ہیں بلکہ اسے دیگر عرب ممالک کو بھی یقین دلانا پڑے گا کہ ایران ان کی خودمختاری اور معاشی مفادات کا احترام کرتا ہے۔ ان ممالک نے ایرانی حملوں کے باوجود صبر وتحمل سے کام لیتے ہوئے جوابی حملے نہیں کیے تھے۔ پاکستان نے اس تصادم کو روکنے میں بھی اہم کردار ادا کیا تھا۔

جناب وزیراعظم۔ ڈیڑھ سو روپے لیٹر کا وعدہ پورا کریں!

تحریر۔ اسلم لودھی

امریکہ اور ایران کے مابین نئے تعلقات کا آغاز بھی ہو چکا ہے۔ آپ اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کاوشوں کو عالمی سطح پر خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے بلکہ تیل کی قیمتیں انتہائی کم ہوتے ہوتے 75 ڈالر فی بیرل ہو چکی ہیں۔ عرب ممالک بھی پاکستان کو تحسین کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی زندگی میں شاید ہی اتنا اچھا اور پرمسرت وقت کبھی آیا ہوگا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ امریکہ اور ایران کے مابین جنگ کے نتیجے میں نہ صرف امیر اور غریب ممالک کی معیشت متاثر ہوئی تھی بلکہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں پٹرول کی قیمت تقریباً تمام ممالک سے زیادہ کر کے یہ حجت پیش کی گئی کہ آبنائے ہرمز کی بندش کی وجہ سے پٹرول مہنگا کرنا پڑ رہا ہے، حالانکہ پاکستان شاید وہ واحد ملک تھا جسکے بحری جہازوں کو ایرانی فوج سیلوٹ کر کے بڑے اعزاز کے ساتھ آبنائے ہرمز سے گزار دیا کرتی تھی، پھر بھی حکومت پاکستان نے اپنی شاہ خرچیوں کو پورا کرنے کیلئے لیوی کے ساتھ ساتھ پٹرول کی قیمت چار سو روپے سے اوپر پہنچا دی، جبکہ بھارت میں 103 روپے فی لیٹر اور بنگلہ دیش (جو کبھی پاکستان کا حصہ تھا) وہاں بھی پٹرول 140 روپے فی لیٹر ہی فروخت ہوتا رہا۔ امیر جماعت اسلامی جناب نعیم احمد کے بقول پاکستان دنیا میں واحد ملک ہے جس نے پٹرول اور بجلی کو ہی کمائی کا ذریعہ بنا رکھا ہے۔ اس سال بجٹ میں بھی لیوی کی مد میں دو ہزار ارب روپے حاصل ہونے کی منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔

جناب وزیراعظم۔ آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں کہ پٹرول کی قیمت میں اگر دس روپے بھی اضافہ ہوتا ہے تو اشیائے خورد ونوش، میڈیسن اور ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اتنا اضافہ ہو جاتا ہے کہ ایک عام آدمی پر ایک ڈیڑھ ہزار روپے کا بوجھ اضافی پڑ جاتا ہے جبکہ پٹرول پمپ مالکان کو بیٹھے بیٹھائے کروڑوں بلکہ اربوں روپے کا منافع مل جاتا ہے۔ دوسرا اظلم آپ کی حکومت میں یہ بھی کیا جا تا رہا ہے کہ بیس پچیس فیصد پٹرول جو سرزمین پاکستان سے نکلتا ہے، سستا دینے کی بجائے اس ملکی پٹرول کو بھی پٹرول کی عالمی قیمت پر فروخت کیا جاتا رہا ہے۔ یہ زیادتی نہیں تو اور کیا ہے۔ موٹر سائیکل سواروں کو سستے داموں پٹرول دینے اور دو ہزار روپے ماہانہ کی مدد کا جو اعلان صوبائی حکومتوں کی جانب سے کیا گیا تھا وہ سراسر جھوٹ کا پلندہ تھا۔ میں کسی اور کی بات نہیں کر رہا۔ میں نے خود بتائے گئے نمبروں پر کال کر کے ریلیف حاصل کرنیکی جستجو کی تھی لیکن ناکام رہا۔

جناب وزیراعظم۔ ایک اور زیادتی جو آپ کے دور حکومت میں ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ اگر دس ہزار روپے تنخواہ لینے والا مزدور اپنی جیب سے پٹرول خرید کر اپنی موٹر سائیکل میں ڈلواتا ہے تو وزراء سمیت بیسویں گریڈ کے تمام سرکاری افسروں کو مفت پٹرول، مفت بجلی اور مفت گیس کی سہولت کیوں فراہم کی جاتی ہے کیا آپ کی نظر میں یہ غریب لوگ ہیں؟ حضرت عمر فاروقؓ کی اہلیہ فرماتی ہیں کہ حضرت عمر فاروقؓ رات کو بستر پر لیٹتے تو پھر اٹھ کر بیٹھ جاتے اور زاروقطار رونے لگتے۔ جب میں وجہ پوچھتی۔ تو امیر المومنینؓ فرماتے کہ میری رعایا میں غریب، فقیر اور تنگ دست بھی شامل ہیں، اگر میرے عہد میں اگر کوئی بھوکا سویا یا اسے پیٹ بھر کر کھانا نہ ملا تو میں روز قیامت اللہ کے نبی حضرت محمد کو کیا منہ دکھاؤں گا اور اللہ کے سوالوں کا جواب میں کیا دوں گا۔ یاد رہے کہ اس وقت خلافیہ دوم حضرت عمرؓ فاروق کی حکومت 22 لاکھ 51 ہزار 30 مربع میل پر مشتمل تھی لیکن حضرت عمرؓ فاروق خطاب دریائے فرات کے کنارے کتے کے بھوکا مرنے کے خوف سے کانپ اٹھتے تھے۔ جناب وزیراعظم۔ آپ کی حکومت میں پٹرول، بجلی، گیس کے وقتاً فوقتاً جو اضافے کیے جاتے رہے کیا آپ کو روز قیامت پوچھ گچھ کا خوف نہیں۔ چند دن پہلے روزنامہ پاکستان کا ایک کالم پڑھا۔ کالم نگار نے لکھا تھا کہ غربت کے مارے لوگ اور تو کچھ کر نہیں سکتے لیکن اپنے اور اپنے خاندان کا پیٹ بھرنے کیلئے اپنا ایک گردہ فروخت کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ صحت مند انسانوں کے گردے نکال کر فروخت کرنیوالے ڈاکٹروں کا گروہ اسلام آباد میں پکڑا جا چکا ہے۔ گردے فروخت کرنے کا کاروبار صرف اسلام آباد میں ہی نہیں بلکہ پاکستان کے تمام شہروں میں ہوتا ہے، غربت کے ہاتھوں مجبور لوگ خود گردوں کے خریداروں تک پہنچ جاتے ہیں۔ یہ بات بھی یقیناً آپ کے مشاہدے میں ہوگی کہ پاکستان کے طول وعرض سے کتنے ہی پڑھے لکھے بے روزگار نوجوان ملک میں ملازمت نہ ملنے کی وجہ سے ایسے ایجنٹوں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں جو انہیں یورپ پہنچانے کیلئے لاکھوں روپے بٹور لیتے ہیں۔ پھر سنہرے خواب دیکھنے والے نوجوان منزل مقصود پر پہنچنے سے پہلے ہی کسی نہ کسی حادثے کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس وقت بھی کتنے ہی خاندانوں کے چشم وچراغ اپنوں سے دور دوسرے ممالک کے قید خانوں میں صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ جناب وزیراعظم۔ آپ نے پٹرول کی قیمت پے درپے بڑھاتے وقت وعدہ کیا تھا کہ اگر ایران امریکہ کی جنگ ختم ہو گئی اور پٹرول کی قیمتیں واپس آ گئیں تو پاکستان میں بھی پٹرول کی قیمت ڈیڑھ سو روپے کر دی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم، آپ اور ہر دلعزیز فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر صاحب کی مصلحانہ کاوشوں کے نتیجے میں امریکہ اور ایران کے مابین معاہدے طے پا چکا ہے اور عالمی سطح پر پٹرول کی قیمت 75 ڈالر فی بیرل ہو چکی ہے۔ اب آپ کو صرف پٹرول کی قیمتوں کو 150 روپے فی لیٹر لانے کے ساتھ ساتھ برادر اسلامی ملک ایران کے ساتھ گیس کے معاہدے کو بھی پایہ تکمیل تک پہنچانا ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ برادر اسلامی ملک ایران کے ساتھ پٹرول کی قلت کی ایک بڑی وجہ یہ بتائی جا رہی ہے کہ واپسی پر گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعات کا خدشہ یا دعوی کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز اڑاشن اور پٹرول لانے سے مسلسل گریز کر رہے ہیں۔ وڈھ بازار میں اس صورتحال کی وجہ سے تاجر برادری شدید کوفت سے دوچار ہے، جبکہ ان واقعات کے بعد وڈھ کے شہریوں میں سخت خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ وڈھ کے عوامی حلقوں نے حکام بالا سے پرزور اپیل کی ہے کہ وڈھ کے عوام کو اشیا خورد ونوش پہنچانے کا فوری اور محفوظ انتظام کیا جائے تاکہ عوام ضروری اشیا خرید کر اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں۔

28

پیر کے روز خالقِ حقیقی سے جا ملے تھے ان کی نمازِ جنازہ بعد نمازِ مغرب ادا کی گئی، جس کے بعد انہیں خاموش کالونی کے مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا تھا اس موقع پر نور صاحب اور اہلِ خانہ نے ان تمام عزیز واقارب، دوست احباب، سماجی شخصیات اور مختلف تنظیموں کے نمائندگان کا دلی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس غم کی گھڑی میں شرکت کر کے، تعزیت، دعاؤں اور ہمدردی کے ذریعے ان کے غم میں برابر کے شریک رہے انہوں نے ان احباب سے بھی گزارش کی جو کسی مجبوری کے باعث نمازِ جنازہ یا رسمِ سوئم میں شریک نہ ہو سکے کہ وہ مرحوم کے ایصالِ ثواب، مغفرت اور بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا فرمائیں آخر میں مرحوم سراج الدین کے لیے اجتماعی دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی کامل مغفرت فرمائے، لواحقین کو صبرِ جمیل عطا کرے اور تمام شرکاء کو ان کے خلوص اور دعاؤں کا بہترین اجر عطا فرمائے آمین۔

29

کو مزید موثر اور تیز کیا جا سکے۔

30

روزانہ لاشیں اٹھانے سے عاجز آ چکے ہیں۔ بلوچ بیلٹ میں تو پہلے ہی امن وامان خراب تھا، اب پشتون بیلٹ میں بھی حالات تشویشناک ہو چکے ہیں۔ بلیلی کے بیکوٹی چیک پوسٹ کے قریب تاجر محمد ہاشم نورزئی کے قتل، زیارت میں تبلیغی جماعت کے اراکین پر حملہ، جماعت کے ایک ساتھی اور مسجد روڈ کے دکاندار سید نثار آغا حیدرزئی کی شہادت، دشت میں کراچی فیملی کے دردناک واقعہ میں ایک فرد کے قتل اور ان کی اہلیہ ومعصوم بچوں کے میڈیا پر وائرل بے بسی کے تصاویر نے تمام ملک میں واویلا مچا دیا ہے، جبکہ دوسری جانب ہنہ اوڑک کے واقعات پر مقامی عوام سراپا احتجاج ہیں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بلوچستان میں حکومت کی رٹ قائم نہیں ہے۔ بلوچستان بھر میں حالات تشویشناک حد کو پار کر گئے ہیں، صوبہ مقتل گاہ بن چکا ہے اور عوام کندھوں پر جنازے اٹھاتے تھک چکے ہیں، ان حالات میں ریاست عوام، تاجروں اور مسافروں کے تحفظ میں ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر ہاشم نورزئی کو عام شاہراہ پر قتل کرنا، دشت میں کراچی فیملی کے بچوں سمیت دردناک واقعہ، زیارت میں تبلیغی جماعت کے سید نثار اللہ آغا کی شہادت کے علاوہ دیگر کے زخمی ہونے اور عام شاہراہوں پر کنٹینروں اور تاجروں کے سامان سے لوڈ گاڑیوں کو جلانے کے پے درپے واقعات نے بلوچستان کے عوام کو رلا دیا ہے اور حکومت امن وامان کو برقرار رکھنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ عوام اپنے آپ کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں اور حکومت صرف مذمتی بیانات سے بری الذمہ سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا تحفظ حکومت کا فرض ہے اور اس وقت بلوچستان میں ہر جانب روزانہ لاشیں اٹھانے سے عوام عاجز آ چکے ہیں، صرف بیانات سے نہ عوام کا اعتماد بحال ہو سکتا ہے اور نہ تحفظ مل سکتا ہے۔ بلوچستان پاکستان کا ایک صوبہ ہے لیکن بلوچستان سے وفاقی حکومت کا رویہ سوتیلی ماں جیسا ہے، بلوچستان میں نہ امن وامان ہے اور نہ بجلی وگیس، ہر جانب جنگل کا قانون ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کے تحفظ کے لیے اقدامات کرے یا ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے عوام کو اپنے تحفظ خود کرنے کی اجازت دے۔ مرکزی قائدین نے محمد ہاشم نورزئی، تبلیغی جماعت زیارت میں شہید سید نثار اللہ حیدرزئی اور کراچی کے مسافر شہید کے خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے حکومت سے امن کی بحالی اور لاقانونیت کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ امن کے قیام کے لیے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین، قبائلی مشران، معززین اور تاجروں کی آل پارٹیز کانفرنس) اے پی سی (بلا کر فوری طور پر

ظالم کا چیخ اور مظلوم کا جشن

تلخ حقیقت

Ranzooryar18@gmail.com
محمد نسیم رنزوریار

قارئین کرام، انسانی تاریخ کے اوراق جب اول دن سے آج تک پلٹے جاتے ہیں تو ایک ہی سچائی بار بار اپنی بازگشت چھوڑتی ہے کہ زمین ہمیشہ دو متضاد آوازوں کی گواہ رہی ہے، ایک مظلوم کی چیخ اور دوسری ظالم کا جشن۔ یہ دونوں آوازیں صرف کسی ایک عہد یا خطے تک محدود نہیں رہیں بلکہ تہذیبوں کے عروج و زوال، سلطنتوں کے قیام و انہدام اور انسان کے اجتماعی شعور کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ ابتدائے آفرینش سے جب انسان نے اجتماعی زندگی کا آغاز کیا تو طاقت اور کمزوری کا فرق بھی ساتھ ہی جنم لے چکا تھا، اور یہی فرق آگے چل کر ظلم وعدل کی بنیاد بنا۔ قدیم تہذیبوں میں مثلاً میسوپوٹیمیا، مصر اور وادی سندھ میں طاقتور طبقے نے وسائل اور اقتدار پر قبضہ جما لیا جبکہ عام انسان محنت اور مشقت کے باوجود محرومی کی زندگی گزارتا رہا، اس محرومی کے پس منظر میں جو چیخ ابھری وہ وقت کے دریا میں دب تو گئی مگر ختم نہ ہوئی۔ یونانی وروی سلطنتوں میں غلامی کا نظام اس بات کی واضح مثال ہے جہاں انسان کو انسان نہ سمجھا گیا بلکہ محض ایک آلہ کار کے طور پر استعمال کیا گیا، غلام کی خاموش چیخیں ایوانوں کی سنگ مرمر دیواروں سے ٹکرا کر واپس آتی رہیں مگر جشنِ اقتدار میں انہیں سننے والا کوئی نہ تھا۔ قرون وسطیٰ میں جاگیرداری نظام نے ظلم کی ایک نئی شکل اختیار کی جہاں زمین چند ہاتھوں میں قید ہو گئی اور کسان اپنی ہی محنت کی پیداوار سے محروم ہو کر غربت کی چکی میں پستا رہا، اس دور میں ظالم کے محلوں میں جشن چراغاں کی صورت میں روشن رہتا جبکہ کھیتوں میں محنت کش کے چہرے پر پسینہ اور آنکھوں میں سوال رہتا تھا۔ جب صنعتی انقلاب آیا تو بظاہر ترقی کی نئی راہیں کھلیں مگر اس کے پس پردہ مزدور کی چیخ اور بھی بلند ہو گئی، کارخانوں کی مشینوں کے شور میں انسان کی فریاد دبنے لگی، بچوں اور عورتوں کی مشقت نے تہذیب کے چہرے پر سوالیہ نشان چھوڑ دیا، اور سرمایہ دار طبقے کی دولت میں اضافہ ایک نئے جشن کی صورت میں ظاہر ہوا۔ نوآبادیاتی دور میں یہ ظلم اپنی انتہا کو پہنچا جب ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کے خطے سامراجی طاقتوں کے زیر نگیں آ گئے، وسائل کی لوٹ مار نے مقامی آبادی کو اپنی ہی زمین پر بے اختیار بنا دیا، اور آزادی کی ہر کوشش کو طاقت کے ذریعے دبایا گیا، یہاں مظلوم کی چیخ صرف فرد کی نہیں بلکہ پوری قوم کی آواز بن گئی۔ بیسویں صدی کی عالمی جنگوں نے اس المیے کو مزید گہرا کیا جہاں کروڑوں انسان طاقت کی ہوس کی نذر ہو گئے، اور ایٹمی تباہی نے یہ ثابت کیا کہ ظالم کا جشن وقتی ہوتا ہے مگر اس کے اثرات نسلوں تک چیخ کی صورت میں باقی رہتے ہیں۔ جدید دور میں اگرچہ انسانی حقوق، قانون اور عالمی اداروں کا نظام قائم ہوا مگر ظلم کی نئی شکلیں اب بھی موجود ہیں، کہیں غربت کی صورت میں، کہیں نسلی امتیاز کی شکل میں، اور کہیں سیاسی جبر کے پردے میں، جبکہ دوسری طرف طاقتور ریاستیں اور مفاد پرست طبقات اپنی کامیابیوں کے جشن مناتے نظر آتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ تاریخ صرف واقعات کا مجموعہ نہیں بلکہ اخلاقی سبق کا ایک مسلسل دھارا ہے جو یہ بتاتا ہے کہ جب بھی طاقت نے عدل پر غلبہ حاصل کیا تو چیخیں بلند ہوئیں اور جب بھی عدل نے جگہ بنائی تو انسانی معاشرہ سکون کی طرف بڑھا۔ مظلوم کی چیخ دراصل ضمیرِ انسانیت کی آواز ہے جو وقت کے ساتھ دب تو سکتی ہے مگر ختم نہیں ہو سکتی، اور ظالم کا جشن ایک ایسا عارضی منظر ہے جو اپنی ہی شدت میں زوال کا پیش خیمہ بن جاتا ہے۔ لہٰذا انسانی تاریخ ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ اصل کامیابی طاقت کے جشن میں نہیں بلکہ انصاف کے قیام میں ہے، کیونکہ جس معاشرے میں چیخیں کم اور سکون زیادہ ہو وہی حقیقی تہذیب کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔

بقیہ 1

یقین دہانی کروائی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ہنہ اوڑک کے علاقے کلی بہری میں 20 سے 25 مسلح افراد نے داخل ہونے کی کوشش کی جس پر علاقے کے عوام اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس دوران فائرنگ کا سلسلہ کئی گھنٹے تک جاری رہا جس میں قریبی گاؤں پر راکٹ بھی داغے گئے۔ واقعہ کے خلاف ہنہ اوڑک کے علاقائی عمائدین آصف کاکڑ، مولوی رحمت اللہ عجب خان کاکڑ سمیت عوام کی بڑی تعداد نے پیر کو ہنہ اوڑک جانے والی شاہراہ کو دھرنا دیکر بند کر دیا۔ اس دوران صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سمیت انتظامیہ اور پولیس حکام نے مظاہرین سے مذاکرات کیے۔ بعدازاں عمائدین کے وفد نے آئی جی پولیس بلوچستان سے بھی ملاقات کی۔ آئی جی پولیس نے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ علاقے کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے تاہم علاقے کے عوام نے تحفظ کی فراہمی تک دھرنا جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ بعدازاں ایک بار پھر مذاکرات کا سلسلہ شروع کیا گیا جو رات گئے تک جاری رہا۔

بقیہ 2

درپیش پیچیدہ کیسوں، کامیابیوں اور رکاوٹوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور مسائل کے بروقت حل کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ اسسٹنٹ کمشنر سریاب منصور احمد کے علاوہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، بلوچستان یونیورسٹی کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر بلوچستان یونیورسٹی میں جدید طرز کے آئی ٹی سیکشن کے قیام اور اس سے متعلقہ منصوبے پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 3

حادثے کے نتیجے میں پانچ خواتین سمیت چھ افراد شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ یہ اراتیوں کی یہ گاڑی خضدار سے قلات کی طرف آ رہی تھی کہ راستے میں حادثے کا شکار ہو گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور ایدھی کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر ایدھی اور ریسکیو ایمبولینسز کے ذریعے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر) ڈی ایچ کیو (ہسپتال قلات منتقل کر دیا، جہ

بقیہ 1

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی گروپ کا اجلاس ہوا۔ جس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی میر عاصم کرد گیلو، محمد خان طور امتاخیل، نور محمد دمڑ، حاجی برکت علی رند، راحیلہ حمید خان درانی، ڈاکٹر رابعہ بلیدی، شیخ زرک خان مندوخیل، نوابزادہ زرین مگسی، حاجی محمد خان لہڑی، ڈاکٹر اشوک کمار، ہادیہ نواز سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی اراکین، کارکنوں کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان پارلیمانی اراکین، عہدیداروں اور کارکنوں کے مسائل کے حل کے لیے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن عبدالخالق اچکزئی، پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، نوابزادہ میر زرین خان مگسی رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل پر مشتمل کمیٹی قائم کی گئی جبکہ کمیٹی کے سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کو مقرر کیا گیا۔ کمیٹی بلوچستان کے حوالے سے مسائل اور تجاویز کو مرتب کر کے پارٹی قیادت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کریگی جو مسائل کے حل کے لیے اقدامات اٹھائیں گے۔

بقیہ 2

ایجنسی کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے اپنے بیان میں کہا کہ مجموعی طور پر 12 ارب ڈالر کی رقوم میں سے آدھی رقم واپس ایران منتقل کی جائے گی۔ ایرانی صدر نے کہا ہے کہ پیش رفت موجودہ مذاکرات اور خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باوجود سامنے آرہی ہے تاہم انہوں نے تسلیم کیا کہ صورت حال مسلسل بدل رہی ہے اور معاملات پر پیش رفت جاری ہے۔ دوسری جانب امریکی حکام کا کہنا تھا کہ اب تک ایران کے کسی انجمذاتے کی حوالگی عمل میں نہیں آئی ہے۔

بقیہ 3

مشترکہ کمیٹی کا اجلاس ہوا ہے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے بیان میں کہا کہ مسقط کے دورے کے دوران عمان کے وزیر مملکت برائے خارجہ امور عبدالعزیز البہائی کے ساتھ آبنائے ہرمز مشترکہ کمیٹی کے پہلے اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی شق نمبر 5 اور ساحلی ریاستوں کے خود مختار حقوق کے تناظر میں آبنائے ہرمز کے مستقبل کے انتظام کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ کاظم غریب آبادی نے بتایا کہ اجلاس میں آبنائے ہرمز سے متعلق حالیہ معاملات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 4

زرعی پالیسی جلد از جلد مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پیر کو اپنی زیر صدارت وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی تنظیم نو اور زرعی شعبے میں اصلاحات سے متعلق اہم جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، شزا فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے زراعت احمد عمیر اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔ وزیر اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی زرعی پالیسی جلد از جلد مرتب کرنے اور زرعی شعبے میں ایکسس فورم قائم کرنے کی ہدایت کی، یہ فورم ایگریکلچر انوویشن اور گرڈ تھ پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے حوالے سے ماہانہ اجلاس منعقد کرے گا۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ زرخیز۔ای زرعی قرضے پروگرام سے متعلق ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے تاکہ کسانوں کو آسان زرعی قرضوں تک رسائی مزید بہتر بنایا جاسکے۔ انہوں نے پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو تصحیح معنوں میں زرعی تحقیق کا مرکز بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، بہتر بیج، جدید زرعی ٹیکنالوجی، پانی اور کھاد کی بروقت اور مناسب فراہمی سے فی ایکڑ پیداوار بڑھے گی۔ وزیر اعظم نے زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن، بہتر ویئر ہاسنگ اور جدید ذخیرہ سازی کے نظام پر توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو زرعی شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں۔ وزیر اعظم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر کی طرف سے آزمائشی بنیادوں پر ملٹی گرین آٹے کی تیاری جاری ہے، مصنوعی ذہانت پر مبنی ایپ تیار کی جارہی ہے جو کسانوں کو کیڑوں اور فصلوں میں بیماریوں کے مؤثر تدارک میں مدد فراہم کرے گی۔ بریفنگ کے مطابق نیشنل کریڈٹ گارنٹی کمپنی لمیٹڈ کسانوں کی آسان قرضوں تک رسائی کے لئے فنڈ مہیا کرے گی۔

بقیہ 5

مذاکرات کیے جاتے ہیں، اگر کوئی امن وامان کی صورتحال پیدا کرے تو ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ اپنے بیان میں نیئر حسین بخاری نے کہا کہ کشمیر حکومت کے پاس سی جماعت کو کالعدم قرار دینے کا اختیار نہیں ہے، آزاد کشمیر کی سپریم کورٹ کو ریفرنس بھیجا گیا تھا جس پر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو کالعدم قرار دیا گیا، آزاد کشمیر حکومت نے صرف سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کیا۔ انہوں نے کہا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو جمہوری طریقہ اپناتے ہوئے انتخابات میں حصہ لینا چاہیے، جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو چاہیے کہ اپنی سیاسی جماعت تشکیل دے کر انتخابی سیاست کرے، تمام مسائل و معاملات کا حل پارلیمان کے ذریعے نکلے گا، آزاد کشمیر کے بعض اضلاع میں امن و امان کی صورت حال خراب ہے عوامی مطالبات پر امن طریقے کے زریعے کیے جائیں، عوام الناس کا فرض ہے کہ سیاست کے لبادے میں متشدد ذہنیت عناصر پر کڑی نظر رکھیں

بقیہ 6

حصے مزید مغرب کی جانب ممکنہ طور پر اسرائیل منتقل کرنے پر غور کر رہا ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کے میزائل حملوں نے خلیجی ممالک میں موجود امریکی فوجی اڈوں کی کمزوریوں کو نمایاں کر دیا ہے۔ ایران نے یہ حملے 28 فروری کو ایران پر امریکی اور اسرائیلی بمباری شروع ہونے کے بعد کیے، ان حملوں میں خطے بھر میں امریکی اور اتحادی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جن میں 13 فوجی ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوئے، تاہم جانی و مالی نقصانات کی مکمل سرکاری تفصیلات اب تک جاری نہیں کی گئیں۔ وال سٹریٹ جرنل کے مطابق سب سے زیادہ متاثر ہونے والے مقامات میں، بحرین میں واقع نیول سپورٹ ایکٹیویٹی شامل ہے، جہاں امریکی بحریہ کے ففتھ فلیٹ کا ہیڈکوارٹرز قائم ہے، یہ اڈہ ایران سے تقریبا 240 کلومیٹر جنوب میں واقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق حملوں میں ففتھ فلیٹ کی ہیڈکوارٹر عمارت، بیرکس، گوداموں اور پینے کے پانی کے ذخیرے کو نقصان پہنچا، اندازوں کے مطابق اس اڈے کو تقریبا 400 ملین ڈالر کا نقصان ہوا

بقیہ 7

جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان کے تحت وفاقی اپیکس کمیٹی سے منظور شدہ ویژن عزم استحکام کے تحت سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشت گردی کے خلاف مہم پوری شدت کے ساتھ جاری رہے گی تاکہ بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ یہ معاملہ صرف پاکستان کا نہیں بلکہ دنیا کے تمام ان ممالک کا ہے جو دریاؤں کے زیریں حصوں میں واقع ہیں۔ انہوں نیسوال اٹھایا کہ کیا دنیا اب یہ اصول تسلیم کرلے کہ بالائی علاقوں میں واقع ممالک زیریں علاقوں میں رہنے والے لوگوں کا پانی روک سکتے ہیں اور ان کے بچوں کو پیاسا رکھ سکتے ہیں؟ اگر ایسا ہوا تو پھر دنیا کے اربوں لوگوں کے بنیادی حقوق خطرے میں پڑ جائیں گے

بقیہ 8

ناصر عباس، سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی، سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر اور تحریک کے ترجمان حسین احمد یوسفزئی شامل تھے۔ ترجمان کے مطابق وفد نے راولاکوٹ میں عوامی ایکشن کمیٹی کی قیادت سے ملاقات اور دھرنے کے شرکا سے خطاب بھی کرنا تھا۔ ترجمان کے مطابق آزاد کشمیر میں دھرنے سے اظہار یکجہتی کے لیے جانے والے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد کو کہوٹہ کے مقام پر پولیس نے روک لیا۔ وفد کے اراکین نے پولیس حکام سے استفسار کیا کہ انہیں کس قانونی جواز کے تحت روکا جا رہا ہے، جس پر پولیس اہلکاروں نے موقف اختیار کیا کہ انہیں وفد کو آگے جانے سے روکنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ وہ آزاد کشمیر جا کر یہ جاننا چاہتے ہیں کہ احتجاج کیوں ہو رہا ہے۔ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی اور سینیٹ کو روک کر کوئی مثبت پیغام نہیں دیا جا رہا۔ انہوں نے پولیس سے کہا کہ اگر گاڑیوں کو آگے جانے کی اجازت نہیں دی جاتی تو وہ پیدل ہی کشمیر چلے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مرکزی قیادت کو کشمیر جانے سے روکنے پر بھارت سب سے زیادہ خوش ہوگا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ وفد بات چیت کے ارادے سے کشمیر جا رہا ہے، ان کی سوچ مثبت ہے، اگر احتجاج کرنے والوں کے مطالبات جائز ہوئے تو انہیں سنا جائے گا، بصورت دیگر انہیں مناسب مشورہ دیا جائے گا۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ پاکستان کی مرکزی قیادت کو کشمیر جانے سے روکنے سے منفی تاثر گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس صرف یہ کہہ رہی ہے کہ اوپر سے حکم آیا ہے، جو افسوسناک بات ہے کہ وہ کشمیر بھی نہیں جا سکتے۔ اسلام آباد پولیس کی جانب سے راستہ روکنے کے بعد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں نے چکیاں، کہوٹہ میں موقع پر ہی دھرنا دے دیا۔

بقیہ 9

کرے گا، گزشتہ ایک دہ ماہ کے دوران سندھ طاس معاہدے کو بین الاقوامی سطح پر اٹھایا گیا، پاکستان کی معیشت، روزگار اور غذائی تحفظ کا بنیادی انحصار پانی اور زراعت پر ہے، اس لیے ملک اپنے آبی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا، پاکستان بین الاقوامی سطح پر بھی اپنے موقف کو موثر انداز میں اجاگر کر رہا ہے اور آئندہ عالمی کانفرنس میں انڈس واٹر ٹریٹی، بین الاقوامی قوانین اور زیریں علاقوں میں واقع ممالک کے آبی حقوق کی مکمل فوجی اڈوں کی کمزوریوں کو نمایاں کر دیا ہے۔ ایران نے یہ حملے 28 فروری کو ایران پر امریکی اور اسرائیلی بمباری شروع ہونے کے بعد کیے، ان حملوں میں خطے بھر میں امریکی اور اتحادی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جن میں 13 فوجی ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوئے، تاہم جانی و مالی نقصانات کی مکمل سرکاری تفصیلات اب تک جاری نہیں کی گئیں۔ وال سٹریٹ جرنل کے مطابق سب سے زیادہ متاثر ہونے والے مقامات میں، بحرین میں واقع نیول سپورٹ ایکٹیویٹی شامل ہے، جہاں امریکی بحریہ کے ففتھ فلیٹ کا ہیڈکوارٹرز قائم ہے، یہ اڈہ ایران سے تقریبا 240 کلومیٹر جنوب میں واقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق حملوں میں ففتھ فلیٹ کی ہیڈکوارٹر عمارت، بیرکس، گوداموں اور پینے کے پانی کے ذخیرے کو نقصان پہنچا، اندازوں کے مطابق اس اڈے کو تقریبا 400 ملین ڈالر کا نقصان ہوا

بقیہ 10

شدید احتجاج اور پابندیوں کے بعد مستعفی ہو کر اگست 2024 کو ملک سے فرار ہو کر بھارت پہنچ گئی تھیں اور اب تک وہیں پناہ گزین ہیں۔ اب کم وبیش دو سال بعد شیخ حسینہ واجد نے بنگلا دیش واپس آنے کا اعلان کیا ہے۔ شیخ حسینہ واجد نے اپنی خود ساختہ جلا وطنی کے دوران ایک انٹرویو میں یہ اعلان کیا کہ وہ رواں سال ہر رکاوٹ عبور کرتے ہوئے وطن واپس آئیں گی۔

بقیہ 11

اسد قیصر نے کہا کہ وہ خیبر پختونخوا اور پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے بلوچستان کے عوام کے لیے محبت کا پیغام لے کر آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ بڑی قربانیاں دی ہیں اور موجودہ صورتحال کے حوالے سے ان کی جماعت کا مؤقف بالکل واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ غیر عوامی حکومتیں قائم کی گئیں اور اسمبلی میں اکثریت ایسے نمائندوں کی ہے جو حقیقی معنوں میں عوامی نمائندے نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب عوام سے ان کا بنیادی حق چھین لیا جائے گا تو حالات خراب ہی ہوں گے۔ اسد قیصر نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں حکومتی رٹ موجود نہیں اور صوبے کی تمام شاہراہیں غیر محفوظ ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہوں پر سفر کے دوران لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے، جس کے باعث نہ صرف عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں بلکہ سرمایہ کار بھی یہاں سرمایہ کاری سے گریز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ماپوچی کی طرف جا رہے ہیں جبکہ تجارتی بارڈرز کی بندش کے باعث بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ان کا مطالبہ تھا کہ سرحدی تجارتی راستوں کو فوری طور پر کھولا جائے تاکہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں

بقیہ 12

مطابق قطری وزارت ٹرانسپورٹ نے اعلان کیا کہ اگلے نوٹس تک تمام جہاز رانی، بحری آمد و رفت اور دیگر سمندری سرگرمیاں عارضی طور پر بند رہیں گی۔ وزارت ٹرانسپورٹ نے کہا کہ یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہے، جبکہ بحری سرگرمیوں کی بحالی سے متعلق آئندہ ہدایات بعد میں جاری کی جائیں گی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ فیصلہ موجودہ صورتحال کے پیش نظر احتیاطی اقدام کے طور پر کیا گیا ہے تاکہ سمندری حدود میں انسانی جانوں اور بحری سرگرمیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس دوران تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پابندی پر مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں تاہم وزارت نے واضح کیا ہے کہ بین الاقوامی بحری کنونشنز اور عالمی قوانین کے تحت سفر کرنے والے جہازوں کو اس فیصلے سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔

بقیہ 13

رند نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر پرنسپل اسٹاف آفیسر سید امین نے پولیس حکام سے فوری رابطہ کیا، جس کے بعد واقعے میں ملوث ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی ہے کہ واقعے کی شفاف، غیر جانبدارانہ اور میرٹ پر تحقیقات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ذمہ دار شخص کے ساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائے انہوں نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد، ہراسانی اور کسی بھی قسم کی زیادتی ناقابل برداشت ہے۔ حکومت بلوچستان متاثرہ خاتون کو انصاف کی بروقت فراہمی یقینی بنائے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 14

صلاحیت اور ایندھن کی سپلائی کو کمزور کرنا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یوکرین نے رات کے وقت روس کے کراسنودار اور یاروسلاول کے علاقوں میں واقع دو آئل ریفائنریوں کو ڈرون حملوں کا نشانہ بنایا۔ صدر زیلنسکی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ یوکرین روس کی جنگی مشین کو کمزور کرنے کے لیے اپنی کارروائیاں جاری رکھے گا۔ حملوں میں سلاویانسک آئل ریفائنری بھی نشانہ بنی، جس کی یومیہ پیداواری صلاحیت تقریبا ایک لاکھ بیرل خام تیل ہے۔ کراسنودار کے گورنر نے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ریفائنری میں شدید آگ لگ گئی، جس کے نتیجے میں قریبی گاؤں میں ایک شخص ہلاک جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ ادھر یاروسلاول کے علاقے میں بھی حملے کے بعد اسکو جانے والے بعض اہم زمینی راستوں پر عارضی سفری پابندیاں عائد کردی گئیں تاکہ سیکورٹی صورتحال کو کنٹرول کیا جاسکے۔

بقیہ 15

درخواستیں نیب کی جانب سے بار بار التوا کے باوجود مسترد کر دیں اور مقدمے کے اہم قانونی نکات کو نظر انداز کیا۔ درخواست گزاروں کے مطابق ہائی کورٹ نے شواہد کا ابتدائی جائزہ لیے بغیر سزا معطلی کی اپیلیں خارج کیں، جو انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے۔ اپیل میں کہا گیا کہ جیل حکام نے وکالت ناموں پر دستخط کرانے میں جان بوجھ کر تاخیر کی، جبکہ بانی پی ٹی آئی دائیں آنکھ کی 85 فیصد بینائی کھو چکے ہیں، دوران قید بشریٰ بی بی کی آنکھ کا آپریشن کیا گیا تاہم اہل خانہ اور وکلا کو اس بارے میں آگاہ نہیں کیا گیا۔ درخواست کے مطابق بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو اڈیالہ جیل میں غیر قانونی طور پر کوٹھڑی میں رکھا گیا، جہاں انہیں تنہائی کی قید کے باعث شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا، اپیل میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ سنگین صحت کے مسائل کے باوجود سزا معطل نہ کرنا ناانصافی ہے۔ درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا کہ نیب نے بار بار التوا لے کر کارروائی کو غیر ضروری طور پر طول دیا جس سے انصاف کی فراہمی میں تاخیر ہوئی۔ اپیل میں کہا گیا کہ ٹرائل کے دوران ضمانت مل چکی تھی اور بعض الزامات کو بے بنیاد قرار دیا جا چکا تھا، اس لیے سزا معطلی کی درخواست مسترد کرنا قانونی اصولوں کے منافی ہے۔ اپیل میں کہا گیا کہ گرفتاری کا طریقہ کار غیر قانونی تھا اور اس حوالے سے اعلیٰ عدالت پہلے ہی رہائی کا حکم دے چکی تھی، درخواست گزاروں کے مطابق احتساب کے نام پر سیاسی بنیادوں پر کارروائی کی گئی اور منصفانہ سماعت کے اصولوں سے انحراف کیا گیا۔ سپریم کورٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے کر سزا معطل کی جائے اور بانی پی ٹی آئی و بشریٰ بی بی کی رہائی کے احکامات جاری کیے جائیں۔

بقیہ 16

جی او 05/2026 کے تحت رہنما ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ہدایات میں گوادر بندرگاہ سے گبد، ربیدان سرحدی گزرگاہ کے ذریعے ایران تک سامان کی ترسیل کے طریقہ کار، قانونی تقاضوں، کسٹمز ضوابط اور تاجروں کو دستیاب سہولتوں کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ ہدایات کے مطابق یہ عمل قانونی تقاضوں اور کسٹمز کی نگرانی میں انجام دیا جائے گا۔ رہنما ہدایات کے مطابق، گوادر بندرگاہ سے گبد سرحد تک فاصلہ تقریبا 87 کلومیٹر ہے جو ایران تک مال برداری کے لیے مختصر ترین زمینی راستہ ہے، اس راہداری کے ذریعے ٹرانزٹ تجارت تمام متعلقہ قانونی، دستاویزی اور کسٹمز ضوابط کے مطابق کی جائے گی۔ چیئرمین گوادر پورٹ، نور الحق بلوچ نے کہا کہ سامان کی نقل وحمل کے لیے کسٹمز کی متعدد سہولتیں فراہم کی جائیں گی

بقیہ 17

فضائی حملے میں حماس کی رخ بریگیڈ کے عسکری سیکورٹی شعبے کے سربراہ اسماعیل مصری کو نشانہ بنایا گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان اسرائیلی فوج نے بتایا کہ یہ کارروائی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر گزشتہ منگل کو خفیہ ادارے شن بیٹ کے ساتھ مشترکہ طور پر کی گئی۔ ترجمان اسرائیلی نے بتایا کہ اسماعیل مصری کی لاش کی باقیات کے ایک حصے کو اسرائیل لایا گیا اور فرانزک لیب میں تصدیق کے بعد یہ ثابت ہوگیا کہ حملے میں نشانہ بننے والے اسماعیل مصری ہی تھے۔ بیان میں کہا گیا کہ اسماعیل مصری حماس کی رخ بریگیڈ کے ایک سینئر رہنما تھے اور وہ غزہ میں اسرائیلی فوج کی کارروائیوں میں رکاوٹ ڈالنے اور اس کی نقل وحرکت کو متاثر کرنے کی سرگرمیوں کے ذمہ دار تھے۔ ترجمان اسرائیلی فوج کے بقول جنگ کے دوران اسماعیل مصری رخ بریگیڈ میں سیکیورٹی اور انسداد جاسوسی کے امور کی نگرانی کر رہے تھے اور حماس کے عسکری سیکیورٹی ڈھانچے کی ازسرِ نو بحالی اور مضبوطی کے لیے بھی سرگرم تھے۔ انھوں نے مزید دعویٰ کیا کہ حماس کے کمانڈر اسماعیل مصری اسرائیلی فوجی اہلکاروں کو نقصان پہنچانے کی منصوبہ بندی اور مختلف کارروائیوں میں بھی ملوث تھے۔ حماس کی جانب سے اسرائیلی دعوے پر تاحال کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا اور نہ ہی اسماعیل مصری کی ہلاکت کی آزاد ذرائع سے تصدیق ہوسکی ہے۔ واضح رہے کہ غزہ میں جنگ بندی اور یرغمال بورڈ کی تشکیل کے باوجود تاحال اسرائیلی فوج کی جارحیت جاری ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر معصوم فلسطینی بھی شہید ہو رہے ہیں۔

بقیہ 18

نے جنوبی لبنان کے ایک گاؤں میں حزب اللہ کا زیر زمین عسکری انفرا اسٹرکچر تباہ کر دیا ہے۔ اسرائیل نے حملے سے قبل امریکا کو آگاہ کر دیا تھا۔ کارروائی میں 200 میٹر لمبی سرنگ کو نشانہ بنایا گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے لبنان کے ساتھ امریکی ثالثی میں ہونے والے معاہدے کا خیر مقدم کیا تھا۔ نیتن یاہو نے معاہدے کو تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ یہ ایران اور حزب اللہ کے لیے ایک بڑا دھچکا ہے۔

بقیہ 19

باہمی طور پر فوجی کارروائیاں روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عہدیدار کے مطابق، ہم نے تمام قسم کی عسکری کارروائیاں روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک دوسرے امریکی عہدیدار نے بتایا کہ دونوں فریق فی الحال کشیدگی کم رکھنے پر متفق ہیں اور آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی آزادانہ آمد و رفت جاری رہے گی، جبکہ تکنیکی مذاکرات کا سلسلہ بھی برقرار رہے گا۔ ذرائع کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان اگلا اہم اجلاس منگل کو قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ہوگا، جہاں آبنائے ہرمز سے متعلق باقی ماندہ اختلافات پر بات چیت کی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق جنگ بندی کو صرف گیارہ روز ہوئے ہیں، تاہم حالیہ فضائی حملوں اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنگ دوبارہ شروع کرنے کی دھمکی کے بعد جنگ بندی غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہوگئی تھی۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ حالیہ کشیدگی کی بنیادی وجہ جنگ کے خاتمے کے لیے طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کی مختلف تشریحات تھیں، خصوصا آبنائے ہرمز سے متعلق شقوں پر دونوں فریق مختلف مؤقف رکھتے تھے۔ رپورٹ کے مطابق مفاہمتی یادداشت کے تحت ایران نے تجارتی جہازوں کی محفوظ آمد و رفت یقینی بنانے کی کوشش کرنے کا وعدہ کیا تھا، جبکہ اس کے بدلے امریکا نے ایرانی بندرگاہوں پر عائد بحری ناکہ بندی ختم کر دی تھی۔ گزشتہ ہفتے سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی سربراہی میں امریکی وفد اور ایرانی حکام کے درمیان اس بات پر بھی اتفاق ہوا تھا کہ آبنائے ہرمز میں بحری نقل وحرکت کو معمول پر رکھنے کے لیے امریکی فوج اور پاسداران انقلاب کے درمیان ایک براہِ راست ہاٹ لائن قائم کی جائے گی تاہم ہفتے تک یہ ہاٹ لائن فعال نہیں ہوسکی تھی، جبکہ ایران نے ایک بار پھر دعویٰ کیا تھا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کو اس سے پہلے ایرانی حکام سے رابطہ کرنا ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق منگل کا اجلاس ابتدا میں سوئٹزرلینڈ میں ایران کے جوہری پروگرام پر مذاکرات کے لیے طے تھا، تاہم حالیہ کشیدگی کے بعد اس کا مقام تبدیل کر کے قطر کر دیا گیا اور اب مذاکرات کا بنیادی مرکز آبنائے ہرمز ہوگا۔۔۔۔۔۔۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور ایران کے حکام کے درمیان (آج) منگل کو دوحہ ملاقات ہوگی۔ سوشل میڈیا پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران کی جانب سے ملاقات کی درخواست کی گئی ہے، جس کا اہتمام دوحہ میں کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی ایک بار پھر بڑھ گئی ہے۔ امریکا اور ایران کے حکام نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر الیکٹرانک دستخط کے بعد سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن اسٹاک میں مذاکرات کیے، اس دوران وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود تھے۔ پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان امن معاہدے کے لیے بھرپور سفارتکاری کی ہے، جسے عالمی سطح پر بھی سراہا جا رہا ہے۔ پاکستانی حکام اب بھی پرامید ہیں کہ امریکا اور ایران 60 روز کے اندر امن معاہدے پر متفق ہو جائیں گے، جس کے لیے بھرپور کوششیں بھی کی جا رہی ہیں۔۔۔۔۔ وائٹ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ امن عمل کو آگے بڑھانے کے خواہاں ہیں، جس کیلئے دوحہ میں اہم مذاکرات کا انعقاد کیا جائے گا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق دوحہ مذاکرات میں امریکی نمائندے اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر شریک ہوں گے۔ ترجمان وائٹ ہاؤس نے بتایا کہ ایران کے ساتھ اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے ساتھ ساتھ تکنیکی سطح پر بھی بات چیت ہوگی، تکنیکی مذاکرات اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے موقع پر ہی منعقد کیے جائیں گے تاکہ مختلف امور پر تفصیلی پیش رفت ممکن بنائی جاسکے۔ وائٹ ہاؤس نے بتایا ہے کہ صدر ٹرمپ کی خواہش ہے کہ ایران کے ساتھ امن عمل میں ثبت پیش رفت ہو اور مذاکرات کے ذریعے اہم معاملات کو آگے بڑھایا جائے۔۔۔۔۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے امریکی حکام کے ساتھ قطر میں کسی بھی مجوزہ ملاقات کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حوالے سے کوئی منصوبہ موجود نہیں۔ سرکاری ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کاظم غریب آبادی نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کے سلسلے میں رواں ہفتے ورنگ گروپس کے تکنیکی مذاکرات کا کوئی اجلاس طے نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورکنگ گروپس کے تکنیکی مذاکرات کا پہلا دور تمام ضروری شرائط پوری ہونے، تاریخ اور مقام پر باہمی اتفاق کے بعد ہی منعقد ہوگا، مذاکرات کے انعقاد کیلئے ثالث ممالک کے ذریعے مشاورت کا عمل جاری ہے۔ دوسری جانب خبر ایجنسی نے باخبر ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی اور امریکی فوجی اڈوں کی کمزوریوں کو نمایاں کر دیا ہے۔ ایران نے یہ حملے 28 فروری کو ایران پر امریکی اور اسرائیلی بمباری شروع ہونے کے بعد کیے، ان حملوں میں خطے بھر میں امریکی اور اتحادی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جن میں 13 فوجی ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوئے، تاہم جانی و مالی نقصانات کی مکمل سرکاری تفصیلات اب تک جاری نہیں کی گئیں۔ وال سٹریٹ جرنل کے مطابق سب سے زیادہ متاثر ہونے والے مقامات میں، بحرین میں واقع نیول سپورٹ ایکٹیویٹی شامل ہے، جہاں امریکی بحریہ کے ففتھ فلیٹ کا ہیڈکوارٹرز قائم ہے، یہ اڈہ ایران سے تقریبا 240 کلومیٹر جنوب میں واقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق حملوں میں ففتھ فلیٹ کی ہیڈکوارٹر عمارت، بیرکس، گوداموں اور پینے کے پانی کے ذخیرے کو نقصان پہنچا، اندازوں کے مطابق اس اڈے کو تقریبا 400 ملین ڈالر کا نقصان ہوا

بقیہ 20

مئی 2026 کے ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کے نرخوں میں 82 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں جمع کرادی ہے۔ نیپرا ذرائع کے مطابق سی پی پی اے کی درخواست پر اتھارٹی کل سماعت کرے گی، جس کے دوران پیش کیے گئے اعداد و شمار اور پیداواری لاگت کا جائزہ لینے ک

اسلام آباد: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سابق سینیٹر تاج محمد آفریدی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

افسران انتخابی قوانین اور ضابطہ اخلاق کی مکمل پابندی کو یقینی بنائیں، محمد رمضان

انتخابی عمل کے تمام مراحل کو آئین اور متعلقہ قوانین کے مطابق مکمل کیا جائے گا

استامحمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر و ریٹرننگ آفیسر ضلع استامحمد، محمد رمضان پلال نے ضلع میں منعقد ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں ریٹرننگ آفیسرز اور اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

پارلیمنٹیرینز عوامی مسائل کو اجاگر کریں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

پارلیمنٹ جمہوری نظام کی بنیاد اور عوام کی آواز کا سب سے مؤثر پلیٹ فارم ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ جمہوری نظام کی بنیاد اور عوام کی آواز کا سب سے مؤثر پلیٹ فارم (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سندھ ایریگیشن حکام بلوچستان کے حصے کا پانی فراہم نہیں کر رہے، مدثر ظفر کھوسہ

صوبہ اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے دیگر صوبوں پر انحصار کرنے پر مجبور ہو سکتا ہے

نصیرآباد (خ ن) سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیرآباد ڈویژن، مدثر ظفر کھوسہ نے کہا ہے کہ خریف سیزن کے آغاز سے ہی بلوچستان کی پٹ فیڈر، کیرتھر، اوچ اور مانجھوٹی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر خضدار کی زیر صدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اجلاس

ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی غیر حاضری پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کیا

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اہم اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات، (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے زیر اہتمام کاروبار کے آغاز اور برآمدی دستاویزی تقاضوں سے متعلق آگاہی سیمینار کے شرکاء

بلوچستان کی سرزمین قبائلی روایات اور ثقافت کا مظہر رہی ہے

صادق عمرانی

قوم اور سکیورٹی اداروں نے پاکستان اور پورے خطے سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے جاری کوششوں میں کوئی کمی نہیں آنے دی

گزشتہ کئی دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم نے کئی مشکلات کا سامنا کیا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

الحاج تاج محمد آفریدی کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، میر سرفراز بگٹی

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو یہاں اسلام آباد (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

پنجگور پولیس نے 5 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ اور منشیات قبضے میں لے لی

پنجگور (این این آئی) پنجگور پولیس کی کارروائیاں پانچ ملزمان اسلحہ اور منشیات سمیت گرفتار تفصیلات کے مطابق پنجگور پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے اسلحہ اور منشیات برآمد کر لی گئی ہے ملزمان کی شناخت ملزم ملا قدیر ولد غلام رسول سکنہ چنکان پنجگور جس کے قبضے سے منشیات از قسم ہیروین اور چرس برآمد کر لی

کوئٹہ اوڑک میں مقامی قبائل اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ

علاقہ عمائدین اور عوام نے احتجاجاً ہنہ اوڑک جانے والی سڑک کو دھرنا دیکر بند کر دیا، حکومتی وفد کے مظاہرین سے مذاکرات مسائل حل کروانے کی یقین دہانی

کلی ببری میں 20 سے 25 مسلح افراد نے داخل ہونے کی کوشش، عوام اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے ہنہ اوڑک میں مقامی قبائل اور نامعلوم مسلح افراد کے درمیان کئی گھنٹے فائرنگ کا تبادلہ، علاقہ عمائدین اور عوام نے احتجاجاً ہنہ اوڑک جانے والی سڑک کو دھرنا دیکر بند کر دیا، حکومتی وفد کے مظاہرین سے مذاکرات مسائل حل کروانے کی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

پنجگور، پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق پیر کو پنجگور پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر ائیر پورٹ کے قریب سے ایک شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچادی جس کی شناخت سیف اللہ ولد فیض محمد ساکن چنکان کے نام سے ہوئی

قلات، باراتیوں کی گاڑی الٹ گئی، پانچ خواتین سمیت چھ افراد زخمی

قلات (یو این اے) قومی شاہراہ ریچ کے مقام پر باراتیوں کی ایک تیز رفتار گاڑی موڑ کاٹتے ہوئے اچانک بے قابو ہو کر الٹ گئی ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق، اس افسوسناک (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس

اجلاس میں مسائل کے بروقت حل کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران منصوبوں کی پیش رفت، (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

خاران، انجمن تاجران کے صدر شیخ منیر احمد دھرنا کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

خاران، بازار میں نامعلوم مسلح افراد نے دو دکانوں کو لوٹ لیا

خاران پولیس عوام کی جان و مال کی تحفظ میں ناکام ہو چکے ہیں، سیاسی و سماجی رہنماء

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) بازار میں دن دھاڑے اسلحہ کے زور پر نامعلوم مسلح افراد نے دو دکانوں کو لوٹ لیا اور نقدی رقم لے کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے مسلح افراد نے فائرنگ کرتے ہوئے بآسانی فرار ہوئے جس سے عوام بالخصوص تاجر برادری میں خوف و (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

میرٹ اور شفاف طریقے سے تقرریاں عمل میں لائی جائیں

چیف سیکرٹری

سرکاری محکموں میں ناقابل استعمال گاڑیوں کی فہرست تیار اور قومی قوانین اور ضوابط کے مطابق شفاف نیلامی کے ذریعے فروخت عمل میں لائی جائے

عوامی وسائل کا درست استعمال حکومتی زمہ داری ہے اور اسے قابل احتساب انداز میں انجام دیا جائے گا، شکیل قادر خان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، ایس ایم بی آر کمبر دشتی، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات ذاہد سلیم، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات، تمام محکموں کے سیکرٹریز، کمشنرز اور متعلقہ آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل، ٹینڈرز کے عمل کی شفافیت، نوجوانوں کو روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے خالی آسامیوں پر تقرریوں سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دوشیزہ انغواء، متاثرہ خاندان نے پولیس اسٹیشن کے سامنے احتجاجی دھرنا دیدیا

ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے بصورتِ دیگر روڈ بلاک اور سخت احتجاج کیا جائے گا، مظاہرین

سوئمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) وندر کے زرعی علاقے باندیکہ سے دوشیزہ انغواء متاثرہ خاندان کے ہمراہ سینکڑوں کی تعداد میں مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے وندر پولیس اسٹیشن کے سامنے احتجاجی دھرنا دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، تیزاب گردی واقعے کیخلاف ینگ ڈاکٹرز کا احتجاج 23 ویں روز بھی جاری

سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈیز اور جنرل ڈیوٹی سے بائیکاٹ، مریضوں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) سول ہسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی واقعے کے خلاف ینگ ڈاکٹرز کا احتجاج 23 ویں روز بھی جاری رہا۔ ینگ ڈاکٹرز کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈیز اور جنرل ڈیوٹی سے بائیکاٹ کیا گیا جس کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا رہا۔ ینگ ڈاکٹرز (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

شالکوٹ تھانے کی حدود میں چوروں، ڈاکوؤں کا راج

ایس ایچ او خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہیں، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ہزارگنجی کمرشل زون میں آئے روز ڈکیتی، چوری اور گن پوائنٹ پر ہزارگنجی کے تاجروں اور عام عوام الناس سے پیسے اور موٹر سائیکل چھیننا اب روز کا معمول بن گیا ہے اور متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او خواب خرگوش میں سوئے ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) ہزارگنجی زون کے صدر سید عبدالخالق آغا (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

گوادر فقیر گرلز ہائی اسکول کو صوبائی سطح پر ہائر سیکنڈری کا درجہ مل گیا

اسکول میں طالبات کی تعداد ابتدائی 140 سے بڑھ کر 550 تک پہنچ گئی

گوادر (این این آئی) حکومتِ بلوچستان کے محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جانب سے چین - پاکستان گوادر فقیر گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کو ہائر سیکنڈری اسکول کے طور پر باضابطہ منظوری (اپگریڈیشن) دیدی گئی ہے، اس منظوری کے بعد اسکول کو حکومتی معاونت میں اضافہ، انتظامی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

صحبت پور میں ٹماٹر 550 روپے کلو کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

منافع خوروں کی لوٹ مار سے غریب کے چولہے ٹھنڈے، پرائس کنٹرول کمیٹی لاپتہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں ٹماٹر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے اور مارکیٹ میں 550 سے 600 روپے فی کلو تک فروخت ہونے لگا ہے، جس کے باعث دکانداروں اور گاہکوں میں آئے روز تو تو میں میں ہو رہی ہے۔ ٹماٹر کی قیمتیں اتنی بڑھ چکی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

نصیرآباد: سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن مدثر ظفر کھوسہ سندھ میں پٹ فیڈر ڈیزرٹ کینال کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈھاڈر، موبائل فون کمپنیوں کی ناقص سروس شہریوں کے لیے مستقل عذاب بن گئی

مختلف موبائل کمپنیوں یوفون، موبی لنک سمیت دیگر سیلولر نیٹ ورک مکمل طور پر بند ہو جاتے ہیں

بولان (این این آئی) ضلع کچھی کے صدر مقام ڈھاڈر میں موبائل فون کمپنیوں کی ناقص سروس شہریوں کے لیے مستقل عذاب بن گئی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ جیسے ہی بجلی کی لوڈشیڈنگ شروع ہوتی ہے مختلف موبائل کمپنیوں یوفون، موبی لنک سمیت دیگر سیلولر نیٹ ورک مکمل طور (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی ماسٹر پلان پر عملدرآمد تیزی سے جاری

ایکسین روڈز کی شاندار کارکردگی، سیلاب متاثرہ شاہراہوں اور پلوں کی تعمیر سے عوام کو بڑی سہولت دی ہے۔ ان کی نگرانی میں سیلاب سے متاثرہ اور طویل عرصے سے التوا کا شکار متعدد منصوبے کامیابی سے مکمل کیے جا چکے ہیں، جبکہ ضلعی ہیڈکوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں ماسٹر پلان (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

چھتر (یو این اے) ایکزیکٹو انجینئر (ایکسین) روڈز نصیرآباد عبدالرحمٰن خان کاکڑ نے اپنی تعیناتی کے دوران غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ضلع بھر میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کر

مکران عوامی مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ اقدامات کرے

ہدایت الرحمن بلوچ

قانون نافذ کرنے والے اداروں، سیکورٹی فورسز اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ایسے تمام واقعات میں ملوث مسلح گروہوں اور قاتلوں کو بے نقاب کرے

منگلا، ہنہ اوڑک اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں عوام کی جدی پشتی قبائلی زمینوں پر قبضے کی اطلاعات انتہائی تشویشناک ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مسلح افراد کی جانب سے تشدد، عوام کی جدی پشتی قبائلی زمینوں پر قبضے کی کوششیں، اور دوسری جانب کراچی سے آنے والے نہتے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

بیلا کے مین بازار میں ہندو تاجر کی دو دکانوں میں اچانک آتشزدگی

بیلا (یو این اے) بیلا کے مین بازار میں آتشزدگی کے باعث دو دکانیں جل گئیں اور دکانوں میں موجود تمام سامان جل کر خاکستر ہو گیا، جبکہ فائر فائٹرز نے بروقت کارروائی کر کے آگ پر قابو پا لیا۔ تفصیل کے مطابق بیلا کے مین بازار میں واقع ہندو تاجر روی کمار کی دو دکانوں میں اچانک آگ لگنے کے باعث دکانوں میں رکھا الیکٹرونکس سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ آتشزدگی کی اطلاع پاتے ہی چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز کھوسہ کی ہدایت پر فائر بریگیڈ کے عملے نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو لیا اور شہر کو بڑی تباہی اور مزید نقصان سے بچا لیا۔

دادمحمد خان بڑیچ انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) دادمحمد خان بڑیچ رضائے الٰہی سے گزشتہ روز انتقال کر گئے ہیں وہ سلطان محمد بڑیچ کے بیٹے تھے۔ مرحوم فرید محمد بڑیچ ایس پی اور محمد رفیق بڑیچ نیشنل بینک کے بھائی تھے، جبکہ مرحوم سردار رضا محمد خان بڑیچ، مرحوم فتح محمد خان بڑیچ، مرحوم گل محمد خان بڑیچ اور تاج محمد خان بڑیچ کے بھتیجے تھے اور سردار محمد ادریس خان بڑیچ کے چچازاد بھائی تھے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی یار محمد خان بڑیچ اسٹریٹ میں جاری ہے

بخت محمد کاکڑ اور عبدالقادر کاسیدا قبال شاہ سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما وصوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ اور سابق کور کمانڈر و سابق گورنر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل (ر) قادر بلوچ نے پیر کو پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، فوکل پرسن وزیراعلیٰ بلوچستان سید اقبال شاہ کی رہائش گاہ پر جا کر انکے بھائی کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی۔

فریضہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد محمد رمضان میرالی اور دیگر وطن واپس پہنچ گئے

مولانا مقبول احمد مہر اور نذیر احمد مہر نے حج مبرور کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد دی

جعفرآباد (مقصود احمد مہر) مقدس فریضہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد محمد رمضان میرالی، محمد نیاز میرالی اور ولی محمد میرالی بخیریت اپنے وطن واپس پہنچ گئے۔ ان کی وطن واپسی پر شیرانِ اسلام پاکستان کے صوبائی ناظم (بلوچستان) مولانا مقبول احمد مہر اور نذیر احمد مہر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں انسانیت کا قتلِ عام جاری ہے، مولانا محمد طاہر توحیدی

حکومت صرف اخباری بیانات کے ذریعے چل رہی ہے، جے یو آئی رہنما

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رئیسانی ہزارگنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ، سرپرست اعلیٰ مولانا راز محمد محمد حسنی، مولانا شیخ عبدالحق، حاجی محمد سلیمان جنگ، مولانا مفتی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

وفاقی حکومت کا رویہ سوتیلی ماں جیسا ہے، جے یو آئی نظریاتی

بلوچستان بھر میں حالات تشویشناک حد کو پار کر گئے ہیں، صوبہ مقتل گاہ بن چکا ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی اور حاجی حیات اللہ کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام (بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر)

صدر پریس کلب کوئٹہ عرفان سعید اقوام متحدہ فنڈ برائے آبادی کے اشتراک سے قومی آبادی کے موضوع پر منعقدہ ورکشاپ کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان تاریخ کے بدترین امن و امان کے بحران کا شکار ہے

جے یو آئی

موجودہ حکومت مکمل طور پر عوام کا اعتماد کھو چکی ہے، حکومتی رٹ عملی طور پر ختم ہو کر صرف ریڈ زون کی چار دیواری تک محدود رہ گئی

حکمران عوام کے جان و مال کے تحفظ کے بجائے محض نمائشی بیانات، دعوؤں، فوٹو سیشنز اور بے نتیجہ اجلاسوں میں مصروف ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان اس وقت تاریخ کے بدترین امن و امان کے بحران، حکومتی بے حسی، انتظامی نااہلی اور ریاستی عملداری کے شدید فقدان کا شکار ہے۔ صوبے کے مختلف علاقوں میں عوام بیک (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

یکم سے 4 جولائی کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بارش کی پیشگوئی

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین رپورٹ کے مطابق، ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ یکم جولائی سے 4 جولائی کے دوران بلوچستان کے شمالی اور شمال مشرقی اضلاع میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ اس موسمیاتی تبدیلی کے باعث گرمی کی شدت میں کمی آنے کی توقع ہے، جبکہ مقامی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ عوام کو ممکنہ پریشانی سے بچایا جا سکے۔

اظہارِ تشکر و رسمِ سوئم کی تقریب، مرحوم سراج الدین کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی دعا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نور ایجوکیشنل اینڈ ہیلتھ ویلفیئر آرگنائزیشن کے جنرل سیکریٹری نور کے والدِ محترم، مرحوم سراج الدین کے انتقال پر منعقدہ رسمِ سوئم اور اظہارِ تشکر کی تقریب بعد نمازِ عصر منعقد ہوئی، جس میں رشتہ داروں، عزیز و اقارب، دوست احباب، سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کے دوران مرحوم سراج الدین کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی، فاتحہ خوانی اور خصوصی دعائیں کی گئیں شرکاء نے مرحوم کی دینی، اخلاقی اور سماجی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی واضح رہے کہ مرحوم سراج الدین گزشتہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر)

حاجی دیدار حسین صوبھانی مگسی حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) حاجی دیدار حسین صوبھانی مگسی حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے۔ وہ مرحوم میر محمد خان صوبھانی مگسی کے بڑے صاحبزادے، مرحوم محمد عمر مگسی کے بھتیجے اور غلام سرور مگسی کے والد تھے۔ منظور احمد مگسی، مصطفیٰ مگسی، مشتاق احمد مگسی، منیر مگسی، فدا حسین مگسی، خادم حسین مگسی اور گلاب خان مگسی کے چچازاد بھائی تھے۔ علی حسن مگسی، علی گل مگسی، اسلم خان مگسی کے سسر جبکہ شاہنواز مگسی، احمد نواز مگسی، ممتاز مگسی کے بہنوئی اور طالب حسین مگسی کے کزن تھے۔ مرحوم کی تدفین انکے آبائی گاؤں میں کر دی گئی ہے۔

وڈھ، اشیا خورد و نوش اور پٹرول کی شدید قلت، قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

گاڑیوں پر فائرنگ کے خوف سے ٹرانسپورٹرز کا سامان لانے سے گریز، عوامی حلقوں کی اعلیٰ حکام سے فوری مداخلت کی اپیل

خضدار (یو این اے) وڈھ بازار میں اشیا خورد و نوش اور پٹرول سمیت دیگر ضروری سامان کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے، جس کے باعث عوام کو سخت مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، بازار میں ضرورت کا سامان دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے اشیا کی قیمتیں بھی آسمان کو چھو رہی ہیں اور سپلائی مکمل طور پر بند ہونے سے شہری شدید دوچار ہیں۔ ذرائع (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

حیدرآباد: طلبہ اور وکلاء پبلک سروس کمیشن آفس کے سامنے دھرنا دیئے بیٹھے ہیں

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان سی ایس ایس امتحان میں کامیابی حاصل کرنے پر محکمہ کی جانب سے ماہ نور میروانی کو اعزازی شیلڈ دے رہے ہیں

پیپلز پارٹی نے بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کی نئی تاریخ رقم کر دی، میر عبید اللہ گورگیج

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن ہے

کوئٹہ (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی-44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید اللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے بلوچستان میں ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح و بہبود کی نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی متحرک قیادت میں صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی متوازن ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں امن خواب بن چکا ہے، پروفیسر حلیم صادق

روزانہ قتل و غارت گری کے واقعات نے پوری دنیا میں بلوچستان کو خوف کی علامت بنا دیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری، ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے اور صوبے میں امن عوام کے لیے ایک خواب بنتا جا رہا ہے۔ کوئٹہ سمیت صوبے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

بلوچستان ڈیرہ بگٹی اور چمن کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے اور بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے انسدادِ پولیو کے اقدامات کو مزید موثر اور تیز کرنے کا فیصلہ

ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق کے بعد صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے، این ای او سی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان: نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) کے مطابق بلوچستان سے ڈیرہ بگٹی اور چمن کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے۔ حکام کی جانب سے ان علاقوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق کے بعد صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے اور بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے انسدادِ پولیو کے اقدامات (بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر)